
© rasailojaraid.com



ادارہ



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: منتخب لغات القرآن۔ مؤلف: مولانا محمد نسیم صاحب باربنکوی صفحات۔ ۵۵۲

قیمت: ۔/۳۰۰ روپے ناشر: دارالھدیٰ روم نمبر ۸ شاہ زیب ٹیرس نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی

قرآن مجید جو اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے، رہتی دنیا تک ہدایت اور نور کا سرچشمہ ہے اس کی حفاظت کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحفظون کہہ کر اپنے ذمہ لیا۔ کفار و مشرکین کی سرتوڑ کوششوں کے باوجود ڈیڑھ ہزار سال گزرنے کے بعد بھی اسمیں کسی قسم کی کمی و بیشی نہیں کی جاسکی اور نہ قیام ساعۃ تک ان شاءاللہ ہو سکے گا۔ اسلئے کہ اعلان خداوندی ہے: لایاتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ تنزیل من حکیم حمید جو کوئی دنیا کی اس عارضی اور فانی زندگی میں قرآن مجید سے جتنا نسبت اور تعلق قائم کرتا ہے۔ اتنا ہی اللہ تعالیٰ اسے مالا مال فرماتا ہے۔

قرآن حقیقت میں انسانیت کا دستور العمل اور نجات اخروی کا زینہ ہے۔ اس وقت ہم مسلمان بحیثیت قوم جس پستی اور ذلت کا شکار ہیں اس کا بنیادی سبب قرآن مجید سے انحراف ہے۔

ہم خوار ہوئے تارک قرآن ہو کر

قرآن مجید کی تلاوت کیساتھ ساتھ اس کے معانی اور احکام کی سمجھ بوجھ ایک مسلمان کے لئے ازحد ضروری ہے۔ یہ کتاب منتخب لغات القرآن بھی اس مقصد کے تحت تالیف کی گئی ہے۔ دارالعلوم دیوبند کے استاذ مولانا مفتی محمد نسیم صاحب مدظلہ نے اردو دان طبقہ کے ہاتھوں میں یہ گراں سرمایہ زمانہ اور عمدہ کلید تھما کر بڑا احسان کیا۔ اللہ تعالیٰ موصوف کی اس خدمت کو قبولیت سے نوازے امین۔ قرآن کی خدمت خیر القرون سے اب تک برابر ہو رہی ہے۔ قرآن کے عجائبات نہ ختم ہونے والے ہیں۔

کتاب ہذا میں قرآن مجید کے پہلے پندرہ پاروں کے لغات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ خصوصیات چند ایک ہیں:

۱۔ سورتوں اور آیتوں کی ترتیب کے اعتبار سے قرآنی کلمات کے معانی توضیح و تشریح آیت نمبر لگا کر کی گئی ہیں جس سے قاری کے لئے استفادہ نہایت آسان ہو گیا۔ ۲۔ لغوی اور صرفی تحقیق کرتے ہوئے افعال و اسماء کے ابواب صیغوں واحد و جمع اور مادوں کی وضاحت بھی کی گئی ہے۔ ۳۔ حسب ضرورت نحوی تراکیب ان تفسیری مباحث کا احاطہ کرنے کی کوششیں کی گئی۔ ۴۔ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کے حالات مبارکہ سے بھی

© rasailojaraid.com